گرمی کا سماں



مئی کا آن پہنچا ہے مہینہ
بہا چوٹی سے ایڑی تک پسینہ

بجے بارہ تو سورج سر پہ آیا
ہوا پیڑوں تلے پوشیدہ سایہ

چلی لو اور تڑاقے کی پڑی دھوپ
لپٹ ہے آگ کی گویا کڑی دھوپ

زمیں ہے یا کوئی جلتا توا ہے
کوئی شعلہ ہے یا پچھوا ہوا ہے

در و دیوار ہیں گرمی سے تپتے
بنی آدم ہیں مچھلی سے تڑپتے

پرندے اُڑ کے ہیں پانی پہ گرتے
چرندے بھی ہیں گھبرائے سے پھرتے

درندے چھپ گئے ہیں جھاڑیوں میں
مگر ڈوبے پڑے ہیں کھاڑیوں میں

نہ پوچھو کچھ غریبوں کے مکاں کا
زمیں کا فرش ہے چھت آسماں کا

© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)

نہ پنکھا ہے ، نہ ٹٹی ہے نہ کمرہ ذرا سی جھونپڑی محنت کا ثمرہ
امیروں کو مبارک ہو حویلی
غریبوں کا بھی ہے اللہ بیلی

اسمٰعیل میرٹھی

-☆-

مشق

پڑھیے اور سمجھے

لفظ		معنی
پوشیدہ	-	چھپا ہوا
شعلہ	-	آگ کی لپٹیں
پچھوا ہوا	-	پچھم کی طرف سے چلنے والی ہوا
بنی آدم	-	آدم کی اولاد یعنی انسان
ثمرہ	-	پھل
بیلی	-	محافظ، نگہبان
مگر	-	مگرمچھ، گھڑیال

© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)

غور کرنے کی باتیں:

آپ نے اس نظم میں پڑھا کہ مئی کا مہینہ آتے ہی گرمی کا موسم شباب پر آجاتا ہے۔ کڑی دھوپ اور لو سے چرند و پرند سب پریشان رہتے ہیں۔ امیر تو حویلی میں محفوظ ہوتے ہیں مگر غریب بغیر پنکھے، چھت اور کمرے کے زیادہ پریشان ہوتے ہیں۔ اللہ ہی اس شدید گرمی میں ان کی حفاظت کرنے والا ہے۔

سوچیے اور بتایئے:

۱۔ مئی کے مہینے میں گرمی کا کیا حال ہوتا ہے؟

۲۔ گرمی کے موسم میں چرند و پرند کہاں چھپ جاتے ہیں؟

۳۔ گرمی کے موسم میں غریبوں کو کیا پریشانیاں ہوتی ہیں؟

۴۔ گرمی سے درودیوار کب تپنے لگتے ہیں؟

خالی جگہوں کو دیئے ہوئے الفاظ سے بھریئے:

۱۔ بارہ بجے سورج.......... پر آجاتا ہے (سر/ور)

۲۔ بنی آدم.......... کی طرح تڑپتے ہیں (مچھلی/درندے)

۳۔ غریبوں کا اللہ.......... ہے (مالی/بیلی)

۴۔ گرمی سے درندے...... میں چھپ جاتے ہیں (جھاڑیوں/پانیوں)

نیچے لکھے الفاظ کو استعمال کرتے ہوئے "گرمی کے موسم" پر ایک اقتباس لکھیے:

محنت سایہ دھوپ پسینہ حویلی کمرہ

© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)

نیچے الفاظ کے دو، دو ہم معنی لفظ تلاش کیجیے اور سامنے دی گئی خالی جگہ میں لکھیے:

پوشیدہ ....

آگ ....

گرمی ....

آسان ....

امید ....

مصرعوں کو مکمل کیجیے:

درودیوار ہیں.................. سے تپتے

بنی آدم ہیں.................. سے تڑپتے

امیروں کو.................. ہو حویلی

غریبوں کا بھی ہے.................. بیلی

خود سے کرنے کے لیے

اپنے دوست کو خط لکھ کر 'بہار کی گرمی' میں پیش آنے والی مشکلات کا ذکر کیجیے۔

-☆-